ALL PAKISTAN LPG DISTRIBUTORS ASSOCIATION (Regd)

(AFFILIATED WITH FPCCI)

(Ministry Of Commerce Licence No: 69)

(SECP CUI No: 0067829)

پریس ریلیز

کراچی:10فروری: آل پاکستان ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے سینٹرل چیئر مین اور ایف پی سی سی آئی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ایل پی جی کے چیئر مین عبدالہادی خان نے کہا کہ پاکستان میں پٹرول بحران ہو یا گھروں میں سوئی گیس کا بحران یا سی این جی کا بحران، ان بحرانوں سے نکلنے کا ہر صورت میں ایل پی جی کا ایندھن ہی واحد سہارا ہے کیونکہ پٹرول اور ڈیزل کے مقابلہ میں (مائیلج کے لحاظ سے) 50فیصد سستا ایندھن ہے۔حکومت اگر ایل پی جی کو فروغ دے تو یہ سی این جی کے مقابلہ میں 30فیصد سستی ہو سکتی ہے۔سوئی گیس کے بحران کا بھی واحد سہارا یہی ہے،شہری اور دیہی علاقوں میں لوگ ایل پی جی کے استعمال سے گھروں کے چولہے جلا رہیں ہیں۔

عبدالہادی خان نے بتایا کہ مقامی پروڈیوسروں کی ہٹ دھرمی اور حکومت کی عدم دلچسپی کے باعث مقامی مارکیٹ میں گزشتہ کئی مہینوں سے لوکل ایل پی جی کی قیمت میں کوئی خاص کمی نہیں کی گئی ہے۔اس کے برعکس امپورٹ ایل پی جی کی قیمت میں کافی کمی واقع ہوئی ہے جسکی مقامی پروڈیوسرز پیروی نہیں کر رہے جو کہ OGRA قوانین کے خلاف ہے OGRA کو چاہیے کہ وہ مقامی پروڈیوسر سے باز پرس کریں کہ انھوں نے ابھی تک اپنی قیمت امپورٹ ایل پی جی کی قیمت سے کیوں زیادہ رکھی ہیں۔انھوں نے کہا کہ ملک بھر کے مجاز ڈسٹری بیوٹرز اور مارکیٹنگ کمپنیاں پروڈیوسروں کی جاری پالیسی سے پریشان ہوگئیں ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے مقامی پروڈیوسرز کو چاہیے کہ جس تناسب سے درآمدہ ایل پی جی کی قیمت میں کمی واقع ہوئی ہے اسی تناسب سے مقامی ایل پی جی کی قیمتوں میں بھی کمی کا اعلان کریں اور صارفین کو بلحاظ قیمت ریلیف دینے کے لیئے مقامی پروڈیوسرز کم قیمتوں پر مارکیٹنگ کمپنیوں کو ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنائیں۔انہوں نے پروڈیوسروں پر زور دیا کہ وہ ملک میں جاری مہنگائی و دیگر بحرانوں کی موجودگی میں قومی جذبے کے تحت کی قیمت کو کم سے کم سطح پر لانے کے اقدامات وضع کر کے قوم کو خوشحال بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

عبدالہادی خان (چیئر مین)

0300-8204994

Banglow No. 2-B, Block 6, P.E.C.H.S., KARACHI.

Phone # +92-021-34521793 Fax # +92-021-34521361